بینک دولت پاکستان

شعبۂ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 07 برائے 2019ء   **19 اپریل 2019ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز

محترم / محترمہ،

<u>بیرونی کرنسی اکاؤنٹ کے حوالے سے ایک تصحیح</u>

مجاز ڈیلرز کی توجہ مالی اصلاحات تحفظ ایکٹ (پی ای آر اے)، 1992ء کے سیکشن (5) کے ذیلی سیکشن (4) کی دوسری شرط کی جانب مبذول کروائی جاتی ہے جس میں، بشمول دیگر، یہ درج ہے کہ:

"پاکستان میں مقیم کسی بھی پاکستانی شہری کے اکاؤنٹ میں کوئی بھی رقم اس وقت تک جمع نہیں کروائی جائے گی جب تک کہ وہ اکاؤنٹ ہولڈر فائلر نہ ہو، جیسا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء (2001ء کا 49 واں) میں واضح کیا گیا ہے۔ "

2۔ ہمارے علم میں آیا ہے کہ بعض مجاز ڈیلرز غیر مقیم شہریوں کو اس عذر کی وجہ سے بیرونی کرنسی اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کی اجازت نہیں دے رہے کہ وہ ایف بی آر کی فعال ٹیکس گزاران کی فہرست میں بطور "فائلر" ظاہر نہیں ہو رہے۔

3۔ تاہم درج بالا شرط سے یہ واضح ہے کہ اس میں دی گئی ہدایات غیر مقیم افراد پر لاگو نہیں ہوتی ہیں۔

4۔ مزید معلومات اور من و عن عمل درآمد کے لیے پی ای آر اے 1992ء کی ایک تجدید شدہ نقل منسلک کی گئی ہے۔

منسلکات: مندرجہ بالا

آپ کا مخلص،

(ارشد محمود بھٹی)

ڈائریکٹر